بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَنْ تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا

# سنن ابو داؤد شریف


مصنفہ:

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی قدس سرہ

ترجمہ و تحشیہ:

فاضل شہیر مولینا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری علیہ الرحمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا (القرآن)

جس نے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی اطاعت کی تو بیشک اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا اور جس نے منہ پھیرا تو ہم نے بھی آپ کو ان کا نگہبان (ذمہ دار) بنا کر نہیں بھیجا

# سُنَن ابوداؤد شریف

## (مُترجَم)

### جلد سوم

تصنیف

## امام ابوداؤد سُلیمان بن اشعث سجستانی قدس سرہٗ

٢٠٢ھ — ٢٧٥ھ

٨١٧ء — ٨٨٩ء

ترجمہ و فوائد

## مولانا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری مدظلہٗ

(مترجم صحیح بخاری، سنن ابن ماجہ، موطا امام مالک)

تقسیم کار

## فرید بُک سٹال ○ ٣٨ اردو بازار - لاہور ٢ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم



نام کتاب : سنن ابوداؤد (سوئم)

تصنیف : امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ : مولینا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری قدس سرہ العزیز

اہتمام وتزئین : سید اعجاز احمد (بانی ادارہ)

مطبع : روبی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز، لاہور

اشاعت اوّل : ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء

اشاعت دوئم : ذوالقعدۃ ۱۴۲۲ھ/فروری ۲۰۰۲ء

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای میل نمبر Email:info@faridbookstall.com

ویب سائٹ Visit us at : www.faridbookstall.com

خَاصَّتِكُمْ وَتَذَرُونَ أَمْرَ عَامَّتِكُمْ۔

٩٣٨۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ أَبِي الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ ذَكَرَ الْفِتْنَةَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ النَّاسَ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَخَفَّتْ أَمَانَاتُهُمْ وَكَانُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ قَالَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ كَيْفَ أَفْعَلُ عِنْدَ ذٰلِكَ جَعَلَنِي اللهُ فِدَاكَ قَالَ الْزَمْ بَيْتَكَ وَامْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَخُذْ بِمَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ بِأَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ وَدَعْ عَنْكَ أَمْرَ الْعَامَّةِ۔

عام لوگوں کے معاملے کو چھوڑ دینا۔

ہلال بن حباب ابوالعلاء نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے فتنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔ جب تم لوگوں کو دیکھو کہ انہوں نے وعدوں کا پاس چھوڑ دیا اور امانتوں کی پروا نہ رہے اور انگشت ہائے مبارک کو آپس میں پیوست کرکے فرمایا کہ یوں گتھم گتھا ہو جائیں۔ میں آپ کی طرف کھڑا ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کرے اس وقت میں کیا کروں؟ فرمایا کہ اپنے گھر میں ہی رہنا، اپنی زبان کو قابو میں رکھنا، اچھی چیز کو اختیار کرنا۔ بری بات کو چھوڑ دینا، صرف اپنی ہی جان کا فکر رکھنا اور عام لوگوں کا خیال چھوڑ دینا۔

٩٣٩۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ نَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ هَارُونَ أَنَا إِسْرَائِيلُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ أَوْ أَمِيرٍ جَائِرٍ۔

محمد بن عبادہ واسطی، یزید بن ہارون، اسرائیل، محمد بن جحادہ، عطیہ عوفی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ظالم بادشاہ یا ظالم حاکم کے سامنے انصاف کی بات کہنا افضل جہاد ہے۔

ف:۔ ظالم بادشاہ کے سامنے انصاف کی بات یا کلمۂ حق کہنا ایک عرصے سے مفقود ہے۔ اب ظلم عام ہو رہا ہے جس میں عام آدمی سے لے کر سربراہ مملکت تک سب ملوث ہو جاتے ہیں۔ ظلم و ستم کی چکی چل رہی ہے جس میں غریب مسلمان پستے رہتے ہیں۔ جان و مال اور عزت کسی کی محفوظ نہیں۔ انصاف اتنا مہنگا ملتا ہے کہ غریب اسے حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ قوم کے زبردستوں نے زیردستوں کا ایسا ناطقہ بند کیا ہے کہ جینا حرام کر رکھا ہے۔ حکومتیں یہ سارا تماشا بچشم خود دیکھتی اور طاقتوروں کی حمایت پر کمربستہ رہتی ہیں کیونکہ امیروں کا طبقہ اور حکومت گویا ایک جان دو قالب ہیں۔ ان حالات میں ظالم حکام کے سامنے حق و انصاف کی بات کہے تو کون کہے؟ کاش! جن حضرات کے ہاتھوں میں ملک و قوم کی قسمت ہے وہ دنیاوی آرام و راحت کے خول سے نکل کر کبھی اپنی اور اپنے برادرانِ وطن کی خیرخواہی میں اتنا سوچ لیا کریں کہ دارین میں ہم سب کا بھلا کس طرح ہو سکتا ہے۔

اے چشمِ اشک بار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

٩٤٠۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو بَكْرٍ

عدی بن عدی نے حضرت عرس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت